## گڈانی کے ساحل پر ڈوب کر متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گڈانی کے ساحل پر ڈوب کر متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈوب کر جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## سعودی عرب میں گرفتار افراد کے اہل خانہ کی ایم کیو ایم کے مرکز پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

سعودی عرب میں منشیات کی اسمگلنگ کے جھوٹے کیس میں ملوث کئے گئے کراچی کے خاندان کے اہل خانہ نے منگل کے روز ایم کیو ایم کے خورشید بیگم میموریل ہال کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے دفتر میں ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی اور ان کی رہائی کیلئے عملی کوششیں اور کاوشیں کرنے پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر حق پرست وزراء کا شکریہ ادا کیا۔ اس سے قبل یہ نائن زیرو پہنچے تو ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے اور منشیات کی اسمگلنگ کے جھوٹے کیس میں ملوث کئے گئے خاندان کے اہل خانہ کی آنکھوں سے خوشی کے آنسو جاری تھے۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، ارکان رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، شاکر علی، کیف الوریٰ، سیف یار خان، توصیف خانزادہ موجود تھے۔ منشیات اسمگلنگ کے جھوٹ کیس میں ملوث کی گئی ایک خاتون رابعہ کے بھائی محمد امین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے پاس قائد تحریک الطاف حسین سے اظہار تشکر کیلئے الفاظ نہیں ہیں کہ میں ان کا کن الفاظ میں شکریہ ادا کروں۔ انہوں نے انتہائی رقت آمیز لہجے میں کہا کہ ہم اس سلسلے میں جب پہلی مرتبہ نائن زیرو آئے اور بعد ازاں ڈاکٹر فاروق ستار سے رابطہ کیا تو وہ آدھے گھنٹے کے بعد ہی میرے رابطے میں آ گئے اور پوری سنجیدگی کے ساتھ ہمارے مسئلے کو دیکھا اور رابطے کا یہ سلسلہ آج اور آج بھی تک جاری ہے۔ میں الطاف حسین بھائی کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہماری مشکل کو دور کیا اور اپنے وزراء کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر ہمارے مسئلے کو حل کریں اسی ہدایت کے نتیجے میں ڈاکٹر فاروق ستار نے ہمیں اسلام آباد بلوایا اور سعودی سفیر سے ملاقات کرائی جس کے بعد ہمارے رشتہ داروں کے مقدمہ کی سماعت نہ صرف ملتوی کر دی گئی بلکہ سنائی جانے والی سزا بھی روک دی گئی۔ اس تمام کارروائی کے دوران ہمیں محسوس ہو رہا تھا کہ ہم مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہیں ہیں بلکہ قائد تحریک الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے علاوہ پوری حکومت ملک بھر کے عوام اور میڈیا ہمارے ساتھ ہے انہی کی کوششوں اور کاوشوں کے باعث ہمارے اہل خانہ ہمارے درمیان جلد موجود ہوں گے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ قائد تحریک الطاف حسین کو درازی عمر عطا فرمائے اور انہیں مزید ترقی اور کامیابی عطا فرمائے۔ اسمگلنگ کے جھوٹے کیس میں ملوث کی گئی شمائلہ کے بھائی آصف چوہان نے بتایا کہ پہلی جون کو ہمارے اہل خانہ عمرے کیلئے گئے تھے اور دوسرے دن ہمیں فون آیا کہ وہ اسمگلنگ کے جھوٹے کیس میں ملوث کر دیئے گئے ہیں جس کے بعد ایک قیامت تھی جو ہم پر گزر گئی لیکن قائد تحریک الطاف حسین اور دیگر کی کاوشوں اور کوششوں سے آج ہمارا یہ مسئلہ حل ہو سکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں جس کے بعد ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین، ڈاکٹر فاروق ستار، صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک کے بھی شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اس سلسلے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا جس کے باعث عنقریب ہمارے اہل خانہ ہمارے درمیان ہوں گے۔ ہم اس سلسلے میں الطاف حسین بھائی کے کردار کو ہرگز فراموش نہیں کر سکتے جنہوں نے نہ صرف سعودی عرب میں کیس کی سماعت رکوائی بلکہ سزا بھی نہیں ہونے دی۔ اس موقع پر جھوٹے کیس میں ملوث کئے گئے اہل خانہ کے رشتہ دار محمد آصف چوہان، شکور علی، محمد امین، محمد یاسین اور محمد عثمان موجود تھے۔

## عید کے موقع پر زندگیوں سے بڑھ کر کوئی اور تحفہ نہیں ہوسکتا، فاروق ستار

## سعودی حکومت کی منشیات کیس میں گرفتار معصوم وبے گناہ افراد کی عید کے موقع پر رہائی ایک بڑا تحفہ اور عیدی ہے، نائن زیرو پر بات چیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے سعودی عرب میں منشیات کے جھوٹے کیس میں ملوث خاندان کی بریت اور ان کی غیر مشروط رہائی پر سعودی عرب کی حکومت کے علاوہ صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور میڈیا سے اظہار تشکر کیا ہے اور ان کی رہائی کو عید کے موقع پر ایک بڑا تحفہ اور عیدی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عید کے موقع پر زندگیوں سے بڑھ کر کوئی اور تحفہ نہیں ہوسکتا۔ منگل کے روز منشیات کے جھوٹے کیس میں ملوث کئے گئے خاندان کے اہل خانہ سے ملاقات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی حکومت نے اس خاندان کے افراد کو نہ صرف رہا کردیا ہے بلکہ اب وہ سعودی عرب کی حکومت کے شاہی مہمان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین بھائی نے ہمیں ہدایت کی تھی کہ ہم ان کی رہائی کیلئے ہر ممکن کوشش کریں اور انہیں ہر صورت میں پاکستان لایا جائے۔ میں حکومت سعودی عرب، صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور میڈیا کا شکر گزار ہوں جن کے کے بھرپور کردار نے ان کی رہائی کو ممکن بنایا ہے۔ میں حکومت سعودی عرب کا اس لئے بھی شکر گزار ہوں کہ اس نے یہ شرط بھی نہیں رکھی کہ بے گناہوں کی رہائی کیلئے اصل ملزمان کو ہمارے حوالے کیا جائے اور یہ سعودی عرب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہوا کہ ان افراد کی نہ صرف سزا معاف ہوئی ہے بلکہ وہ وطن بھی واپس آرہے ہیں اس سلسلے میں وزارت سمندر پار پاکستانیز کی جانب سے سعودی حکومت کو ایک خط تحریر کیا گیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ مقدمے کی سماعت اور سزا پر عملدرآمد کو روکا جائے ہم سعودی حکومت کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہماری گزارش پر نہ صرف عمل کیا بلکہ اطلاعات ہیں کہ وزیر اعظم کا خصوصی طیارہ اس خاندان کو لیکر کراچی آئے گا۔ ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسے واقعات کو روکا جائے اس سلسلے میں اچھے اور دیانتدار ٹریول ایجنٹ ہم سے تعاون کریں اور اپنی صفوں میں موجود ایسی کالی بھیڑوں کی نشاندہی کریں جو اپنے مذموم اور گھناؤنے مفادات کیلئے بے گناہ اور معصوم لوگوں کو استعمال کرتے ہیں اور ٹریول ایجنٹ اپنا ضابطہ اخلاق بھی خود طے کریں۔

## حق پرست شہداء کا مقدس لہو تحریک کو جلا بخشتا رہے گا، لواحقین حق پرست شہداء

## شہداء کی قربانیاں رنگ لا رہی ہیں اور جناح پور کے جعلی نقشہ کی برآمدگی ڈرامہ ثابت ہوچکی ہے

## اراکین رابطہ کمیٹی سے شہداء کے گھروں کے دورے کے موقع پر لواحقین کی بات چیت

کراچی۔۔۔22، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست شہداء کے لواحقین نے عید الفطر کے موقع پر یاد رکھنے اور عید کی خوشیوں میں شریک رکھنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی اور بھتیجے کا لہو بھی تحریک میں شامل ہے اور حق پرست شہداء کا مقدس لہو تحریک کو جلا بخشتا رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے حق پرست شہداء کے لواحقین نے عید الفطر کے موقع بات چیت کرتے ہوئے کیا جو عید کی خوشیوں میں انہیں شریک رکھنے کیلئے ان کے گھروں پر گئے تھے۔ حق پرست شہداء کے لواحقین نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہر خوشی کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین حق پرست شہداء کے لواحقین کو یاد رکھتے ہیں اور ان کی جانب سے رابطہ کمیٹی کے اراکین کو سختی اور پابندی سے یہ ہدایت کرنا کہ عید کے موقع پر حق پرست شہداء کے لواحقین کی نہ صرف خبر گیری کی جائے بلکہ انہیں عید کی خوشیوں میں شریک رکھا جائے ثابت کرتا ہے کہ جناب الطاف حسین حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے اور حق پرستی کی تحریک ایک دن ضرور منزل پائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بدترین ریاستی آپریشن کی پاداش میں ہمارے لخت جگروں کو ہم سے چھین لیا گیا اور انہیں بے دردی سے شہید کردیا گیا، ہم پر عرصہ حیات تنگ کیا گیا اور الطاف حسین بھائی کا نام تک لینا جرم بنا دیا گیا لیکن آج ثابت ہوگیا کہ 19 جون 1992ء کا بدترین ریاستی آپریشن اور جناح پور نقشہ کی برآمدگی ڈرامہ تھی اور اس کی آڑ میں حق پرستی کے پیغام کو ملک بالخصوص پنجاب میں پھیلنے سے روکا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج حق پرست شہداء کی قربانیاں رنگ لا رہی ہیں، شہداء کی روحیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عملی اور انتھک جدوجہد جاری رکھنے پر مطمئن ہیں اور انشاءاللہ حق پرستی کی تحریک کو ملک بھر کے عوام اپنے دامن میں جگہ دیں گے اور اس تحریک کی آبیاری کرکے اسے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے کام کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو عید الفطر کی دلی مبارکباد بھی دی اور ان کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن شاہد شاہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن شاہد شاہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شاہد شاہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆